22236-کیاانسان کے انحراف کا سبب مشیت الہی ہے

سوال

جب انسان گمراہ یا منحرف ہوجائے توکیا یہ مشیت الہی کے سبب ہے یا کہ اللہ تعالی اسکا فیصلہ نہیں کرتا؟

پسندیدہ جواب

الحمدللہ

شیخ شنقیطی رحمہ اللہ کا قول ہے :

اللہ تعالی کا فرمان ہے "جسے اللہ تعالی ہدایت نصیب فرمائے وہ راہ راست پر ہے
اور جسے گمراہ کردے تو یہ ناممکن ہے کہ آپ اس کا کوئی کارساز اور راہنما پاسکیں "
الکہف/17

اللہ جل وعلانے اس آیت میں یہ بیان کیا ہے کہ ہدایت دینا اور گمراہ کرنا صرف
اللہ وحدہ کے ہاتھ میں ہے تو جسے وہ ہدایت نصیب فرمادے اسے کوئی گمراہ نھیں کرسکتا
اور جسے وہ گمراہ کردے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں ہے ۔

اور اسی معنی کی وضاحت بہت سی دوسری آیات میں کی گئ ہے ۔

جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے ۔

"اور جسے اللہ تعالی ہدایت نصیب کرے تو وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے وہ راہ سے
بھٹکا دے ناممکن ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی اور کو اس کا مددگار پائیں ایسے لوگوں کا
ہم قیامت کے دن اوندھے منہ حشر کریں گے اور ان کا یہ حال ہوگا کہ وہ اندھے گونگے
اور بہرے ہوں گے" الاسراء/97

اور فرمان باری تعالی ہے ۔

"جسے اللہ ہدایت دیتا ہے تو وہی ہدایت والا ہے اور جس کو وہ گمراہ کردے تو ایسے
ہی لوگ خسارے میں پڑنے والے ہیں" الاعراف 178

اور اللہ تعالی کا یہ ارشاد :

"جسے آپ چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے بلکہ اللہ تعالی ہی جسے چاہے ہدایت دیتا ہے" القصص56

اوراللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے۔

"اور جس کوفتنہ میں ڈالنا اللہ کو منظور ہو تو آپ اس کے لئے ہدایت الہی میں سے کسی چیز کے مختار نہیں" المائدہ41

اور فرمان ربانی ہے:

"گو آپ انکی ہدایت کے خواہش مند رہے ہیں لیکن اللہ تعالی اسے ہدایت نہیں دیتا جسے گمراہ کردے اور نہ ہی انکا کوئی مددگار ہوتا ہے" النحل37

اور فرمان باری تعالی ہے:

"توجس شخص کواللہ تعالی ہدایت دینا چاہے تو اسکے سینہ کو اسلام کے لئے کشادہ کردیتا ہے اور جس کو گمراہ کرنا چاہے اس کے سینہ کو بہت تنگ کردیتا ہے جیسے کوئی آسمان میں چڑھتا ہے" الانعام125

اوراس طرح کی آیات بہت ہی زیادہ ہیں۔

توان اورقرآن کی اس طرح کی دوسری آیات سے قدریہ کے مذہب کا باطل ہونا اخذ کیا جاسکتا ہے کہ: انسان اپنے عمل بھلائی اور برائی کرنے میں مستقل ہے اور یہ کہ یہ مشیت الہی نہیں بلکہ بندے کی اپنی چاہت ہے تو اللہ اس سے پاک اور بلند بالا ہے کہ اس کی ملک میں اسکی مشیت کے بغیر واقع کوئی ہوجائے اور اللہ تعالی اس سے بلند اور بڑا ہے۔.